जी चाहता है

جی چاہتا ہے

اداکاران
جے مکرجی۔ راج شری
راجندر ناتھ۔ اچلا سچدیو
موتی لال

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں

گانے

جی چاہتا ہے فلم کے

گانا نمبر ۱

ہم نے دیکھا ہے نہیں ایسا گمان ہوتا ہے
آنکھ ملتی ہے تو کیوں درد جواں ہوتا ہے ۔ ہم نے دیکھا ۔
ایسا لگتا ہے کہ ہمدم میرا واپس آیا
میرے جیون پہ محبت کا نشہ سا چھایا
دل میں جلنے لگا پھر جشن کا نشہ چھایا ۔ ہم نے دیکھا ۔
جانے کیوں دل میرا قدموں پہ جھکے جاتا ہے
کوئی بچھڑا ہوا ساتھی مجھے یاد آتا ہے
یہ دل بیمار پھر اس کے لئے تڑپاتا ہے ۔ ہم نے دیکھا ۔
آج صدیوں کی ملاقات نکل آئی ہے
جیسے طوفانوں سے بارات نکل آئی ہے
دل میں رہتی تھی وہ ہی بات نکل آئی ہے ۔ ہم نے ...
ہم نے دیکھا ہے نہیں ایسا گمان ہوتا ہے
آنکھ ملتی ہے تو کیوں درد جواں ہوتا ہے ۔ ہم نے ۔

گانا نمبر ۲ ۔ بانکا

رنگ رنگیلا موسم لے کے چلا اک دلہن
شوخ حسینہ مسکرا دی آج خدا کی قسم
رنگ رنگیلا موسم ۔ بانکا ۔

گوری چلی ہے پی کے نگر۔ دل پہ ہے چاہت کا اثر
مانگ بھریں گے چاند ستارے ہونگے صدقے حسن نظارے
کون ہے اسکا بلم!
رنگ رنگیلا موسم ..... شوخ حسینہ مسکرا دی
رنگ رنگیلا موسم — بانکا!
موتی لٹائے اودی گھٹا۔ نغمے سنائے ٹھنڈی ہوا
میرے سنگ میری منزل، میں ہوں طوفاں وہ ساحل
گائیں میرے قدم!
رنگ رنگیلا موسم ..... شوخ حسینہ مسکرا دی
رنگ رنگیلا موسم — بانکا
— بانکا

گانا نمبر ۳ ۔ کیا کہنے ماشا اللہ نظر ہے آپ کی
جی چاہتا ہے کھینچ لوں تصویر آپ کی
چہرہ سہانا پیار کی روشن کتاب ہے
بجلی بھی جس کو پا نہ سکی وہ شباب ہے
آتا ہے روز پوچھنے۔ سورج قدم کو چومنے
دیتے ہیں موسم بھی آ گئے دل کا جواں گلاب
واللہ کیا حسین ہے تاثیر آپ کی
جی چاہتا ہے کھینچ لوں تصویر آپ کی۔ کیا کہنے ..
پیارا پیارا گھونگھٹ تمہارا بہار ہے
دل کا یہ تارا ایسی ادا پر نثار ہے

جانے سے گورے ہاتھ میں مہندی رچی سہاگ کی
کس کے لئے وہ نازنیں اتنی سجی ہوئی
دلہن بنی ہے آج تو تقدیر آپ کی ۔ جی چاہتا
کہ کہہ ماشا اللہ نظر تیر آپ کی ۔ جی چاہتا ...
کیا کہنے ماشا اللہ ——

لڑکا :۔ اے جانِ تمنا اے جانِ بہاراں اے جانِ بہاراں
مجھے تم ملے زندگی مل گئی ہے
لڑکی :۔ اے جانِ گلستاں اے میری جانِ جاناں اے میری جانِ جاناں
ترے پیار سے روشنی مل گئی ہے
مجھ سے یہ الفت تنا کیوں چھپائی
سدا سے ہوں تیری ہمیں ہوں پرائی
تیری آرزو نے یہ ہمت بڑھائی
دل بات دل کی زباں پہ جو آئی
لڑکی :۔ اے جانِ تمنا ۔ اے جانِ بہاراں اے جانِ بہاراں
لڑکا :۔ میرے بھولے قاتل تجھے کیا خبر ہے
میری منزلوں کا تو ہی ہمسفر ہے
لڑکی :۔ لگی آگ دونوں دلوں میں سہانی
تیری جو کہانی وہ میری کہانی
لڑکا :۔ اے جانِ گلستاں اے میری جانِ جاناں اے میری جانِ جاناں
لڑکی :۔ میں ہو جاؤں صدقے یہ جی چاہتا ہے
کروں تجھ کو سجدے یہ جی چاہتا ہے

لڑکا:۔ تجھے دل میں رکھ لوں یہ جی چاہتا ہے
یہ ہستی مٹا دوں یہ جی چاہتا ہے
لڑکی:۔ اے جانِ تمنا۔۔۔
مجھے تم ملے زندگی مل گئی ہے
لڑکا:۔ اے جانِ گلستاں
تیرے پیار سے روشنی مل گئی ہے
لڑکی:۔ اے جانِ تمنا۔۔

گانا ۹:۔ آ۔آ۔آ۔ا
لڑکا:۔ میری زندگی تیرے پیار میں۔ ہم کہاں کہاں سے گذر گئے
لڑکی:۔ میرے دل سے آئی تیری صدا ہم جہاں جہاں سے گذر گئے
لڑکا:۔ میری زندگی۔
لڑکی:۔ میرے دل نے ڈھونڈا جگہ جگہ کہیں نقش تمہارا نہیں ملا
لڑکا:۔ تیرے ہم بھی تیری تلاش میں گل آرزو تو نہیں کھلا
لڑکی:۔ جہاں آفتاب نہ جا سکے
دونوں:۔ جہاں آفتاب جا سکے ہم وہاں وہاں سے گذر گئے
میری زندگی!
لڑکا:۔ تو ہزار پردوں میں ہو کہیں۔ تجھے پا کے مانیں گے ایکدن
لڑکی:۔ تو کہیں رہے تو کہیں تجھے تجھے لوٹ لائیں گے ایکدن
لڑکا:۔ ہمیں موت کا کوئی ڈر نہیں
دونوں:۔ ہمیں موت کا کوئی ڈر نہیں تیرے آستاں سے گذر گئے
میری زندگی!

لڑکی: میرے دل سے نکلا ہے گیت جو تو سنے تو پھر کوئی بات ہے
لڑکا:۔ تو جھلک دکھا تو نظر تو آ میری ہر دعا تیرے سا تھ ہے
لڑکی:۔ تجھے دیکھ لیں اسی شوق میں
دونوں:۔ تجھے دیکھ لیں اسی شوق میں ہم دو جہاں سے گذر گئے
میری زندگی تیرے پیار میں ہم کہاں کہاں سے گذر گئے
میری زندگی ——

گانا نمبر ۶:۔ کیا کہنے ماشا اللہ نظر تیر آپ کی
جی چاہتا ہے کھینچ لوں تصویر آپ کی
لڑکی:۔ کیا کہنے ماشا اللہ نظر تیر آپ کی
جی چاہتا ہے ——
لڑکا:۔ ہم شہزادے پریم نگر کے ناز ہے
دل میں ہمارے تیرے ہی دل کی آواز ہے
ہونٹوں پہ تیرا نام ہے یہ راز اک پیام ہے
چلدیں یہاں سے دور ہم ڈھونڈو اکرے بہار
اوئے قاتل ادا ہے آج بھی دیکر آپ کی
جی چاہتا ہے ——
دونوں:۔ کیا کہنے ماشا اللہ ——
لڑکی:۔ سمجھو خدارا اب تو اشارہ پیار کا
طوفاں میں پایا ہم نے کنارا پیار کا
میاد غم کی دھول ہے کانٹوں میں تو ہی پھول ہے
کہتی ہے میری آرزو، او میرے راز داں

ادئے دل کا قرار بن گئی تنویز آپ کی۔ جی چاہتا ہے
دونوں:۔ کیا کہنے ماشاءاللہ
لڑکا:۔ یہ بھی خبر ہے تم ہو کسی کی جان من
پھر بھی ہمارا دل ہے دیوانہ گل بدن
پیاسے دلوں کی آس ہو
تم دور رہ کے پاس ہو
لوگوں کے دل کا چین ہو اور دل کی ہو پکار
ادئے ادائی تم کو بھیج کے تاثیر آپ کی
جی چاہتا ہے
دونوں:۔ کیا کہنے ماشاءاللہ
گانا۔ تم چھوڑ چلے ہیں محفل کو یاد آئے تو مت رونا
اس دل کو تسلی دے لینا گھبرائے کبھی تو مت رونا
ہم چھوڑ چلے ہیں محفل کو
اک خواب سا دیکھا تھا ہم نے
جب آنکھ کھلی تو ٹوٹ گیا
یہ پیار تمہیں سپنا بن کر تڑپائے کبھی تو مت رونا
ہم چھوڑ چلے ہیں محفل کو
تم میرے خیالوں میں کھو کر برباد نہ کرنا جیون کو
جب کوئی سہیلی بات تمہیں سمجھائے کبھی تو مت رونا
ہم چھوڑ چلے ہیں محفل کو
جیون کے سفر میں تنہائی مجھ کو تو نہ زندہ چھوڑے گی

مرنے کی خبر اے جانِ جگر مل جائے کبھی تو مت رونا
ہم چھوڑ چلے ہیں محفل کو۔۔۔
اس دل کو تسلی دے لینا گھبرائے کبھی تو مت رونا
ہم چھوڑ چلے ہیں محفل کو

ختم شد